14/04/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **عمر مختار** سے خبریں سُنئے

بی آر امبیڈ

قوم آج بھارتی آئین کے معمار ِ اعلیٰ ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو ان کے 134 ویں یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کررہی ہے۔ اس موقع پر ملک بھر میں کئی تقریبات منعقد ہو رہی ہےں۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھر، وزیر اعظم نریندر مودی، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا، مرکزی وزرائ، ارکان پارلیمنٹ اور دیگر معززین آج صبح سے ہی پارلیمنٹ ہاو

---

س کمپلیکس میں بابا صاحب کے مجسمہ پر پھول نچھاور کر کے خراج عقیدت پیش کر رہے ئ ہیں۔

امبیڈکر خراج

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے یوم پیدائش کے موقع پر ہم وطنوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ بی آر امبیڈ ایک ماہر معاشیات، ماہر تعلیم، مفکر اور ایک عظیم سماجی اصلاح کار تھے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی آنجہانی کو خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔

ایل جی نے کہا ہے کہ بابا صاحب نے بھارتی آئین سازی میں کلیدی رول ادا کیا ہے اور ہر طرح کی معاشی عدم مساوات کا مقابلہ کیا ہے۔

وزیر اعلیٰنے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ڈاکٹر امبیڈکر نے اپنی پوری زندگی معاشرے کے پسماندہ طبقوں کی ترقی کے لئے وقف کی تھی۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہاکہ ڈیوٹی کے تئیں سپاہیوں کی کڑی لگن نے ماضی میں ہمیں ہمیشہ تحفظ فراہم کیا ہے اور ملک کی سالمیت اور اقتدار اعلیٰ کیلئے ان کا عزم آئندہ بھی ہمیں حفاظت فراہم کرتا رہے گا۔

1948 میں راجوری کوآزاد کرانے کیلئے اپنی جانیں نچھاور کرنے والے شہریوں اور فوجیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ سپاہیونکی عظیم ہمت اور بہادری کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے تقریباً 52 ہزار حج عازمین کے لئے حج سلاٹ منسوخ کرنے کی رپورٹوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ ان عازمین کرام نے پہلے سے ہی حج کے لئے رقومات جمع کی ہیں۔

وزیر اعلیٰ نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے اپیل کی ہے کہ سعودی حکام کے ساتھ یہ معاملہ اٹھا کر وہ ان متاثرہ حج عازمین کیلئے راحت کی کوئی راہ تلاش کریں۔

سکمز

شیر کشمیر انسٹیچوٹ آف میڈیکل سائنس کی طرف سے وسط مدتی انڈین انسٹیچوٹ آف سرجیکل Gastroenterology کا موضوع HPB کینسر منیجمنٹ تھا اور HPB کانفرنس منعقد کی گئی ۔ کانفرنس کا موضوع کینسر ماہرین نے شرکت کی ۔ Biliary Tract اور Pancreatic، Liver اس میں ملک کے نامور

Gastroenterology کانفرنس میں پدم شری پروفیسر بی این گنگا دھر ، ایمز دلی کے سرجیکل اور دیگر ماہروں نے شرکت کی ۔ کانفرنس سے Sujoy Paul شعبے کے سربراہ پروفیسر ڈائریکٹر سکمز پروفیسر محمد اشرف گنائی نے بھی خطاب کیا ۔ کانفرنس کے حوالے سے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

ٹولپ

سرینگرمیں قائم باغ گلِ لالہ مینان دنوں سیلانیونکی جوق در جوق آمد کا سلسلہ جاری ہے ۔ کل دن بھر 70 ہزار چار سو سے زیادہ سیلانیوننے ایشیا کے اس سب سے بڑے ٹولپ گارڈن کی سیرکی ۔

اس طرح اس سال باغ کے کھولے جانے سے اب تک مجموعی طور پر 6 لاکھ23 ہزار سے زیادہ سیاح ٹولپ گارڈن کا نظارہ کر چکے ہےں ۔

منشیات

ضلع انتظامیہ سرینگر کی طرف سے گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول کھنموہ میں منشیات مخالف بیداری پروگرام منعقد کیا گیا۔

De-Addiction اُدھر گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول مُجگنڈ میں پولیس کی طرف سے ڈرگ جانکاری پروگرام کا انعقاد کیا گیا ۔

پولیس نے اونتی پورہ اور سوپور میں توصیف میر اوربشارت بیگ نامی دو منشیات فروشوں کو نشیلی مواد سمیت گرفتار کیا ہے ۔

ضلع انتظامیہ کپواڑہ کی طرف سے معلومات ، تعلیم اور مواصلات کی مہم کا پہلا مرحلہ ضلع کے مختلف اسکولوں میں کامیابی کے ساتھ شروع ہوا ہے۔

فائر سروسز ہفتہ

کی عزت Fighters جموں کشمیر میں آج سے فائر سروسز ہفتہ منایا جا رہا ہے ۔ یہ ہفتہ فائر افزائی کے لئے وقف کیا گیا ہے اور اس دوران آگ سے بچنے کی تدابیر کے بارے میں جانکاری عام کی جاتی ہے ۔

اس سال کا موضوع ہے" Unite to Ignite, A Fire Safe India "-

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 21 اعشاریہ 9ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ